PR NO33

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا پولی کلینک ہسپتال کا دورہ

G-11 اسلام آباد میں پولی کلینک-2 کو منصوبے کے مطابق 2026ء تک مکمل کیا جائے۔ وفاقی محتسب

ڈیوٹی سے غفلت برتنے والے ڈاکٹروں اور عملہ کے خلاف تادیبی کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت کے رہائشیوں کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے G-11 میں زیر تعمیر ہسپتال پولی کلینک-2 کو ٹائم فریم کے مطابق 2026ء تک مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ہسپتال میں ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی 353 خالی آسامیاں قانون کے مطابق تین ماہ کے اندر پر کرنے، پولی کلینک کی 29 ڈسپنسریوں کے معیار اور کارکردگی کو بہتر بنانے، جاپان سے آنے والی ایم آر آئی مشین کو نومبر تک فنکشنل کرنے، دفتری اوقات میں ڈیوٹی سے غائب رہنے والے ڈاکٹروں اور عملے کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے، ای این ٹی کی چار سال سے بے کار پڑی مشینوں کو فنکشنل کرنے اور ادویات کی تقسیم کا پلان تیار کر کے دینے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی محتسب نے یہ ہدایات پولی کلینک ہسپتال کے لئے تشکیل دی گئی معائنہ ٹیم کی رپورٹ کے بعد دی ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے پولی کلینک ہسپتال کے خلاف بے شمار شکایات کا جائزہ لینے کے لئے گزشتہ روز سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں رجسٹرار محمد ثاقب خان اور کنسلٹنٹ خالد سیال پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم ہسپتال بھیجی تھی۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے دورہ کے دوران مریضوں اور ان کے لواحقین کی شکایات سنیں اور موقع پر ہی انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم ہسپتال پہنچی تو استقبالیہ پر پرچی بنانے کے لئے صرف ایک کاؤنٹر کلرک موجود تھا اور خواتین مریضوں کی قطار لگی ہوئی تھی جو تقریباً ڈیڑھ دو گھنٹے سے پرچی لینے کا انتظار کر رہی تھیں جب کہ دوسرا کاؤنٹر خالی پڑا تھا جس پر متعین کلرک کو تلاش کیا گیا تو پتہ چلا کہ وہ اپنے کسی ذاتی کام کے سلسلے میں کاؤنٹر سے غائب تھا۔ ٹیم یورالوجی کے شعبہ میں پہنچی تو ڈاکٹر عملے کے ایک فرد کے ساتھ دروازہ لاک کر کے پیزہ کھانے میں مصروف تھا اور مریض باہر شدید گرمی و حبس میں انتظار کر رہے تھے۔ ٹیم نے انتظامیہ کو ڈیوٹی سے غفلت برتنے والے ڈاکٹروں اور عملے کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے اور استقبالیہ پر تین کاؤنٹر کھولنے کی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی ٹیم ہسپتال پہنچی تو ہسپتال کی نرسز اپنے مسائل کے لئے جمع ہوگئیں۔ ٹیم نے ان کے مسائل تفصیل سے سننے کے بعد ان کے حل کے لئے انتظامیہ کو ہدایات دیں۔ انتظامیہ کو یہ ہدایت بھی دی گئی کہ اعزازیہ دیتے وقت نرسز کو سب سے پہلی ترجیح دی جائے۔ ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ G-11 میں 400 بستروں کے ہسپتال پولی کلینک-2 کی تعمیر کا کام شروع ہے۔ وفاقی محتسب نے پولی کلینک-2 کو منصوبے کے مطابق 2026 ءتک مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ٹیم کو شوگر کی ایک مریضہ نے بتایا کہ اسے ڈیڑھ ماہ سے شوگر کی نہ دوائی مل رہی ہے اور نہ ہی ٹیسٹ ہو رہا ہے۔ متعدد مریضوں نے ادویات نہ ملنے کی شکایات کیں جس پر وفاقی محتسب نے ادویات کی خرید اور تقسیم کی تفصیلات طلب کر لی ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

05 جولائی 2024ء